19/04/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

نتایج

مینز امتحان2025 کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ ایک اہم پیش JEE نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے رفت میں24 اُمید واروں نے اس امتحان میں صد فیصد نمبرات کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے۔

ادھر جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے کئی طالب علموں نے بھی زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ طیب عاشق آہنگر نامی طالب علم نے 99اعشاریہ99نمبرات کے ساتھ جمونو کشمیر یوٹی میں ٹاپ کیا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے عوام کےلئے پینے کے صاف پانی کی بلا خلل سپلائی یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے ۔ انہوں نے محکمہ جل شکتی ارگیشن اور فلڈ کنٹرول، پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ عوام کو راحت پہنچانے کےلئے باہم ملکر کام کریں۔

نائب وزیر اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ میں جمونکے نوشہرہ حلقے میں آب رسانی کے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونصوبے میں سیاحتی سیکٹر کو دوام بخشنے کےلئے متعلقین کے ساتھ ضروری منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس سلسلے میں محکمہ سیاحت نے ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری کو خطے میں سیاحتی سیکٹر کے استحکام کےلئے ایک نتیجہ خیز روڈ میپ پیش کیا۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی چیف میڈیکل آفیسر بانڈ ی پورہ نے ضلعے کے عازمین حج کےلئے ٹیکہ کا ری کا شیڈول مشتہر کیا ہے۔

شیڈول کے مطابق بانڈی پورہ اور گریز میڈیکل بلاکوں کے عازمین کےلئے 21اپریل کو ضلع حاجن کے کانفرنس CHCاسپتال کے آڈیٹوریم حال میں// جبکہ حاجن بلاک کے عازمین کےلئے حال میں ٹیکہ کا ری کا اہتمام رکھا گیا ہے۔

رجسٹریشن

سالانہ امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں پہلگام میں اینمل ہسبنڈری محکمے نے اس سال کےلئے گھوڑوں اور خچروں کی رجسٹریشن کا عمل شروع کیا ہے ۔ اننت ناگ کے چیف اینمل ہسبنڈری آفیسر ڈاکٹر جاوید احمد زرگر نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا ۔

اسی دوران گاندربل ضلعے میں بھی رجسٹریشن کا یہ عمل شروع کیا گیا ہے ۔ ضلع کے چیف اینمل ہسبنڈری آفیسر ڈاکٹر مظفر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا ۔

کو دہشت JK01AT-7604جمونو کشمیر پولیس نے بڈگام ضلعے میں ایک گاڑی زیر نمبر گردانہ سرگرمیونمیں ملوث ہونے کی پاداش میں ضبط کیا ہے۔

پولیس نے کہا ہے کہ یہ کاروائی غیر قانونی سرگرمیونکی روکتھام سے متعلق ایکٹ کے تحت عمل میں لائی گئی ہے۔

اضلاع

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودن نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں4مئی کو منعقد کئے کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا،تاکہ ضلعے میں NEET-2025 جانے والے قائم کئے جا رہے امتحانی مراکز میں یہ امتحان احسن طریقے پر منعقد کیا جا سکے۔

پلوامہ ضلعے میں پرنسپل ڈسڑکٹ اینڈ سیشن جج کی صدارت میں انڈر ٹرائل جائزہ کمیٹی کی دوسری میٹنگ منعقد کی گئی، جس میں ڈپٹی کمشنر پلوامہ اور دیگر متعلقہ عہدیدار بھی موجود تھے۔

میٹنگ کے دوران اٹھائے گئے 5معاملات میں سے ضوابط کے مطابق زیر غور لانے کےلئے 3معاملات کی سفارش کی گئی۔

بارہمولہ

منشیات کے خلاف جانکاری عام کرنے کی غرض سے پٹن بارہمولہ سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان نے جموں سے بارہمولہ تک انفرادی دوڑ لگانے کا بیڑااُٹھایا ہے۔

ساحل حمید میر نامی یہ نوجوان درویش باغ پٹن کا رہنے والا ہے جس کا نعرہ ہے”ایک سپنا ایک راستہ : جموں سے بارہمولہ: منشیات سے بچ کر زندگی کو گلے لگاؤ“۔

عالمی دن

آج جگر کی صحت سے متعلق قومی دن ہے۔ یہ دن منانے کا مقصد جگر جیسے اہم اندرونی عضو کی صحت بنائے رکھنے اور اسے مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کےلئے عوام میں جانکاری پیدا کرنا ہے۔

اس سال اس دن کا موضوع جگر کی صحت بنائے رکھنے میں متوازی غذا کی اہمیت اُجاگر کرتا ہے۔

یوادوت

کی صلاحیت سازی کا ایک Yuva Doots ڈاگ بنگلہ کھنہ بل اننت ناگ میں مشن یووا کے تحت روزہ پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کا مقصد یوا دوتوں میں// زمینی سطح پر نوجوانوں کو// خود روزگار اور کار خانہ داری کی طرف سے مائل کرنے کی صلاحیت میناضافہ کرنا تھا۔

اسی طرح کا ایک پروگرام منی سیکریٹری کولگام میں بھی منعقد کیا گیا۔ یہاں بھی یوا دوتوں کو ضروری تربیت دی گئی تاکہ وہ بے روزگار افراد کو خود روزگار اور کار خانہ داری کی طرف مائل کر سکیں۔

پرسار بھارتی

پرسار بھارتی کے چیرمین نونیت سہگل نے کہا ہے کہ// آکاشوانی اور دوردرشن کو بہترین معلوماتی پلیٹ فارم بنانے کےلئے ضروری اقدام کئے جا رہے ہیں۔

بہار میں پرسار بھارتی کے اداروں کے دورے کے دوران انہوں نے کہا کہ اس مقصد کےلئے ضروری بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ چیرمین موصوف نے ممبئی مینمنعقد ہونے والے ویوز سمٹ کی اہمیت بیان کی۔

موسم

وادی میں کل سے گرج چمک کے ساتھ درمیانہ سے بھاری بارشوں کے ساتھ بعض علاقوں میں جم کر ژالہ بھاری ہوئی ہے جس کے نتیجے میں نہ صرف درجہ حرارت میں کمی واقع ہوئی بلکہ سیزن کے فصلوں کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔

گاندربل اور شوپیان ہمارے نمائندوں کے مطابق ان دونوں اضلاع کے متعدد علاقوں میں اولے گرنے سے نہ صرف ربیع فصلوں بلکہ میوہ باغات کے شگوفوں کو بھاری نقصان پہنچ گیا ہے، جس کے نتیجے میں کسان فکر و تشویش میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

دریں اثناءمحکمہ موسمیات نے مزید کچھ گھنٹوں کےلئے وادی کے اکثر اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ درمیانہ سے بھاری بارش اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔سرینگر اور اسکے مضافاتی علاقوں میں اس وقت بھی مطلع ابر آلود ہے اور وقفے وقفے سے بارش اور بوندھا باندی کا سلسلہ جا ری ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....